ملازمین کے حقوق کا نوٹس:
محفوظ اور بیماری کی چھٹی

اگر آپ NYC میں کسی بھی سائز کے کاروبار یا غیر منفعتی ادارے میں جز وقتی یا کل وقتی طور پر کام کرتے ہیں یا اگر آپ NYC کے کسی گھرانے میں گھریلو کارکن کی حیثیت سے کام کرتے ہیں تو آپ کو خود کی یا جس کو بھی آپ فیملی مانتے ہیں اس کی دیکھ بھال کرنے کے لیے محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا حق ہے۔ آپ کے ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر آپ کو یہ حق ہے۔ آپ کے آجر پر آپ کے حقوق کی وضاحت کرتے ہوئے آپ کو یہ نوٹس دینا لازم ہے۔

محفوظ اور بیماری کی چھٹی کی مقدار:

- تمام آجروں پر ہر تقویمی سال میں **40 گھنٹوں** تک کی محفوظ اور بیماری کی چھٹی فراہم کرنا لازم ہے۔

1 جنوری 2021 سے:

- **100 یا زائد ملازمین والے آجروں** پر ہر تقویمی سال میں **56 گھنٹوں** تک کی محفوظ اور بیماری کی چھٹی فراہم کرنا لازم ہے۔

آپ کے آجر کا تقویمی سال ہے: کرایہ پر لینے کی تاریخ (DOH) (پہلا مہینہ) تا DOH کے بعد 364 دن (آخری مہینہ)

آپ کو **ہر 30 گھنٹے کے کام پر 1 گھنٹے** کی شرح سے محفوظ اور بیماری کی چھٹی ملتی ہے۔

آپ کو **بامعاوضہ** محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا حق ہے اگر:

- آپ کے آجر کے پاس 5 یا زیادہ ملازمین ہوں۔
- آپ کے آجر کے پاس 5 سے کم ملازمین ہوں لیکن خالص آمدنی $1 ملین یا زائد ہو۔ *(1 جنوری 2021 سے مؤثر)*
- آپ کسی اور کے گھر میں گھریلو کارکن کے بطور کام کرتے ہوں؛ مثلاً بے بی سٹر، ہاؤس کیپر، یا ہمراہی کارکن۔ *نوٹ کر لیں: قانون کسی گھرانے میں کام کرنے والے 1 یا زائد گھریلو کارکنان کا احاطہ کرتا ہے۔*

آپ کو **بلامعاوضہ** محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا حق ہے اگر:

- آپ کے آجر کے پاس 5 سے کم ملازمین ہوں اور خالص آمدنی $1 ملین سے کم ہو۔

آپ غیر استعمال شدہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کو اگلے تقویمی سال میں لے جا سکتے ہیں۔

محفوظ اور بیماری کی چھٹی کا استعمال:

- اسے اپنی صحت کے لیے، بشمول طبی نگہداشت حاصل کرنے کے لیے یا بیماری یا چوٹ سے صحت یاب ہونے کے لیے استعمال کریں۔
- اسے ایسے فیملی ممبر کی دیکھ بھال کے لیے استعمال کریں جو بیمار ہو یا جس کی طبی اپائنٹمنٹ ہو۔
- اسے تب استعمال کریں جب آپ کی نوکری یا آپ کے بچے کا اسکول صحت عامہ کی ہنگامی حالت کے سبب بند ہو جائے۔
- اسے گھریلو تشدد، ان چاہے جنسی رابطے، تعاقب یا انسانوں کی غیر قانونی تجارت کی وجہ سے اپنی حفاظت یا فیملی ممبر کی حفاظت کے لیے استعمال کریں۔

آپ کا آجر آپ سے محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے منصوبہ بند استعمال کا پیشگی نوٹس دینے کا تقاضا کر سکتا ہے؛ مثلاً، ڈاکٹر کی مقررہ اپائنٹمنٹ یا عدالتی شنوائی میں حاضری کے لیے۔ آپ کے لیے محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے غیر متوقع استعمال کا پیشگی نوٹس دینا ضروری نہیں ہے؛ مثلاً، اچانک بیماری یا طبی ہنگامی حالت۔

آپ کو رازداری کا حق ہے: آپ نے محفوظ اور بیماری کی چھٹی کیوں استعمال کی اس کی تفصیلات اپنے آجر کو دینا آپ کے لیے ضروری نہیں ہے۔

اگر آپ محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے طور پر لگاتار تین سے زیادہ دنوں کا استعمال کرتے ہیں تو آپ کا آجر دستاویزی شہادت طلب کر سکتا ہے۔ مطلوبہ دستاویزی شہادت کے لیے آپ جو کوئی فیس ادا کرتے ہیں اس کی باز ادائیگی کرنا آپ کے آجر پر لازم ہے۔ دستاویزی شہادت میں آپ کی نجی طبی یا ذاتی صورتحال شامل *نہیں* ہونی چاہیے۔

محفوظ اور بیماری کی چھٹی کے بارے میں مطلوبہ تحریری انکشافات:

آپ کے آجر پر لازم ہے کہ:

- آپ کو محفوظ اور بیماری کی چھٹی سے متعلق ایک تحریری پالیسی فراہم کرے جس میں وضاحت ہو کہ آپ اپنی مراعات کس طرح استعمال کریں۔
- آپ کو بتائے کہ آپ نے تنخواہوں کی ہر ایک مدت میں کتنی محفوظ اور بیماری کی چھٹی استعمال کر لی ہے اور کتنی باقی بچی ہیں۔

انتقامی کارروائی ممنوع ہے:

محفوظ اور بیماری کی چھٹی کی درخواست کرنے یا اسے استعمال کرنے یا خلاف ورزیوں کی اطلاع دینے پر ملازمین کو سزا دینا یا نکال دینا غیر قانونی ہے۔

NYC
Bill de Blasio
Mayor

Consumer and Worker Protection
Lorelei Salas
Commissioner

مزید جاننے یا شکایت درج کرانے کے لیے محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ سے رابطہ کریں۔

nyc.gov/workers ملاحظہ کریں | **311** پر کال کریں اور "بامعاوضہ محفوظ اور بیماری کی چھٹی" کے بارے میں پوچھیں

آپ کسی گمنام ٹپ بھی کر سکتے ہیں